علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو ناول کا ارتقاء (بیسویں صدی تاحال) (9017) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

1۔ ناول ''خدا کی بستی'' میں مصنف نے معاشرتی زندگی کی کن تلخ حقیقتوں کو نمایاں کیا ہے؟ واضح کریں کہ یہ ناول پاکستانی سماج کی کون سی تصویریں ہمارے سامنے لاتا ہے۔ تفصیل سے بحث کریں۔ (20)

2۔ ''آنگن'' کے حوالے سے کرداروں کی تشکیل، کہانی کی بنت، طرزِ بیان اور فنی تجربات پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

3۔ ناول ''اداس نسلیں'' کو تاریخ اور تخیل کے امتزاج کی عمدہ مثال کیوں قرار دیا جاتا ہے؟ اس رائے کی وضاحت دلائل کے ساتھ کریں۔ (20)

4۔ کیا ''دشتِ سوس'' کو تاریخی ناول کے زمرے میں رکھا جا سکتا ہے؟ کسی ایک نمایاں کردار کو بنیاد بنا کر یہ بتائیں کہ تاریخی ناول لکھتے وقت کن فنی

تقاضوں کو ملحوظ رکھا جاتا ہے؟ (20)

5۔آنگن اور اداس نسلیں، دونوں ناولوں میں تقسیم ہندوستان کو موضوع بنایا گیا ہے، دنوں ناولوں کے مرکزی خیال اور کہانی میں بنیادی فرق بتائیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

1۔ناول ''گردشِ رنگ چمن ''کا مرکزی موضوع کیا ہے؟اس ناول کے فکری پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

2۔ناول ''بہاؤ ''میں قدیم تہذیب اور ابتدائی انسانی بستیوں کی سماجی ساخت کو کس انداز سے پیش کیا گیا ہے؟ مناسب مثالوں کے ذریعے وضاحت کریں۔ (20)

3۔ناول ''غلام باغ ''میں کرداروں کی پیش کش اور زبان کے مختلف اسلوبیاتی رنگوں کا تجزیہ کریں۔ (20)

4۔ناول ''کئی چاند تھے سرِ آسماں ''میں نوآبادیاتی دور کی سماجی فضا اور اس کے اثرات کس طرح نمایاں ہوتے ہیں؟ خصوصاً نواب شمس الدین کے کردار کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

5۔ناول ''کئی چاند تھے سرآسماں'' اور ''بہاؤ''، دونوں ناولوں میں بنیادی مسئلہ تہذیب ہے۔ دونوں کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)